تبصرہ کتب

مولانا ابراہیم فانی

بشریت رسولؐ۔ مولانا سید لعل شاہ بخاری

ضخامت : ۲۹۴ صفحات ناشر: بخاری اکیڈیمی شیخ القرآن کالونی، فیصل آباد

زیر تبصرہ کتاب جیسا کہ نام اور موضوع سے ظاہر ہے حضور اقدس ﷺ کی بشریت کے متعلق ہے۔ اہل السنۃ والجماعۃ کا اجماعی عقیدہ یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ افضل ترین کائنات اور بعد از خدا بزرگ ہونے کے باوجود آپؐ حقیقۃً بشر تھے اور تمام کمالات بشریہ اور لوازمات بشریہ سے متصف اہل بدعہ اور بعض کج فہم لوگوں نے حقیقت محمدیہ ﷺ میں غلو سے کام لے کر بزعم خود آپ کو نور ثابت کر کے گویا آپؐ کا مقام و مرتبہ بلند ترین باور کرانا چاہا۔ حالانکہ جس مقام تک پہنچنے میں نوری مخلوق کے پر جلتے ہیں۔ اس مقام سے کہیں آگے لامکاں جو کہ حدود وثغور اور قیود واحاطہ سے آزاد ومبرا ہے تک آپ پہنچ گئے۔ بدقسمتی سے نور و بشر کا یہ مسئلہ جو کہ بالکل بدیہی ہے مسلمانوں میں تفرقہ کے واسطے باعث نزاع وجدال بنایا گیا ہے جس کی وجہ سے اسی مسئلہ پر آج تک سینکڑوں کتابیں لکھی گئی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ جسے مولانا لعل شاہ صاحب بخاری نے انتہائی عرق ریزی سے مرتب کیا ہے اور گویا متعلقہ مسئلہ پر دلائل نقلیہ و براہین عقلیہ کا ایک مرقع ومرصع تیار کیا ہے۔ اور مخالفین کے دلائل کا بھرپور علمی انداز میں رد بھی کیا ہے جس سے نور و بشر کا مسئلہ مکمل طور پر منقح اور اس کے ساتھ واضح ہو گیا ہے۔ متعلقہ موضوع کے علاوہ بعض دیگر نفیس مباحث بھی متذکرہ کتاب میں شامل ہیں۔ جس سے معلومات میں کافی اضافہ کی توقع ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو جادۂ حق پر چلنے کی توفیق ارزانی فرمائے۔ رنگین دیدہ زیب ٹائٹل اور معیاری کمپوزنگ نے کتاب کو مزید جاذب نظر بنایا ہے۔

الفرید (سہ ماہی) زیر سرپرستی : مولانا محمد مفتی محمد فرید صاحب مدظلہ

مدیر اعلیٰ حافظ حسین احمد پتہ : دارالعلوم صدیقیہ زروبی، ضلع صوابی (سرحد)

یہ امر خوش آئند ہے کہ صوبہ سرحد اور خاص کر پختون علاقہ میں تحریر و قلم کی طرف اب خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ ورنہ چند سال پیشتر صوبہ سرحد کی علمی صحافت میں معدودے چند رسائل وجرائد اور مجلات تھے جبکہ الحمدللہ اس کی اہمیت کی طرف اب ہمارے علماء